http://dailygawadarbusiness.com.pk

Email.dailygwadarbusiness@gmail.com

Member APNS

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت

Daily Gwadar Business Quetta

روزنامہ

ABC Certified

گوادر بزنس

کوئٹہ

جلد 22 | جمعرات 09 جولائی 2026ء | 23 محرم الحرام 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 08

پی ٹی آئی کی بلوچستان پر آل پارٹیز کانفرنس سیاسی جماعتوں کا بات چیت سے مسائل حل کرنیکا مطالبہ

لاپتا افراد کو بازیاب کرایا جائے، اس وقت حقیقی نہیں جعلی قیادت ہے، جماعت اسلامی..... کہا گیا چمن بارڈر سے دہشتگردی آرہی ہے، اب بارڈر بند ہے تو دہشتگردی مزید بڑھ گئی، جے یو آئی

ریاست مسئلے کے حل کا آغاز ہی گولی سے کرتی ہے اور جبر مسئلے کا حل نہیں، شاہد خاقان.....بلوچستان کے مسئلے پر جلد جرگہ بلائیں گے، اسد قیصر

اسلام آباد والے بلوچستان کو سنجیدہ نہیں لیتے اسے مسئلہ سمجھتے ہی نہیں، جان محمد بلیدی.....پورا ملک اس وقت بلوچستان میں بیٹھا ہے اور افیم کی فصل والوں کو پشت پناہی دی جارہی ہے، اے این پی

افغانستان میں جن طالبان کی حکومت ہے وہ پاکستان میں ابھی تک پروٹوکول لیتے ہیں، محسن داوڑ.....آئین کو تباہ کردیا گیا ہے بلوچستان میں ریاستی رٹ ختم ہورہی ہے، مصطفیٰ نواز کھوکھر

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف کے زیر اہتمام بلوچستان پر آل پارٹیز کانفرنس میں تمام سیاسی جماعتوں نے بلوچستان میں طاقت کا استعمال ترک کرکے بات چیت کے ذریعے مسائل حل کرنے، لاپتا افراد کی بازیابی، شفاف انتخابات، مقامی افراد میں وسائل کی تقسیم کے مطالبات پیش کردیئے۔ پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے زیر اہتمام بلوچستان کے حالات پر آل پارٹیز کانفرنس خیبر پختونخوا ہاس اسلام آباد میں ہوئی۔ کانفرنس میں قومی (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نیشنل سیکیورٹی اینڈ وار کورس کے گریجویٹ افسران سے خطاب کررہے ہیں

سرحد پار سے ہونے والی دہشتگردی کو پوری قوت سے کچل دیا جائیگا، فیلڈ مارشل

دشمن ایجنسیوں کی سرپرستی میں کام کرنے والے پراکسی عناصر کی تمام کوششیں ناکام ہوں گی، پاکستان کی مسلح افواج دشمن کی انٹیلی جنس ایجنسیوں سے مکمل باخبر ہے،

افواج قوم کی حمایت کے ساتھ ان پراکسی عناصر کے ٹھکانوں کا خاتمہ یقینی بنائے گی، دہشتگردوں کے سہولت کاروں کا مکمل خاتمہ کریں گے

پراکسی عناصر کو پاکستان کے امن اور خوشحالی کو نقصان پہنچانے کی ہرگز اجازت نہیں دیں گے، نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی کے دورے کے موقع پر خطاب

اسلام آباد (این این آئی) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ سرحد پار سے ہونے والی دہشتگردی کو پوری قوت سے کچل دیا جائے گا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی کا دورہ کیا اور میں نیشنل سیکیورٹی اینڈ وار کورس کے گریجویٹ افسران سے خطاب کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کورس میں تینوں مسلح افواج کے افسران شریک تھے، فیلڈ مارشل نے جنگ کی بدلتی ہوئی نوعیت پر روشنی ڈالی جبکہ مسلح افواج کی صلاحیتوں، بلند (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

دہشتگردی کے واقعات پاکستان کے امن اور ترقی کیخلاف سازش ہیں، وزیراعلیٰ

میر سرفراز بگٹی کا صوبے کے مختلف علاقوں میں سیکورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں پر اظہار اطمینان اور فورسز کو خراج تحسین

فورسز کے بہادر جوانوں نے دہشت گردوں کا جرات مندی سے مقابلہ کیا، دشمن اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوگا

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبے کے مختلف علاقوں میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے پاک فوج، بلوچستان پولیس، ایف سی اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران و اہلکاروں کی جرات (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

اسحاق ڈار سے سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید احمد المالکی کی ملاقات

پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ

سعودی سفیر نے علاقائی امن وسلامتی کے لئے پاکستان کی مسلسل کوششوں کو سراہا

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے پاکستان میں سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید احمد المالکی نے بدھ کو یہاں ملاقات کی جس (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف گلگت بلتستان کے لئے 100 میگاواٹ شمسی توانائی منصوبے پر جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

وفاقی کابینہ کی دسمبر تک پاسکو کو ختم کرنے کی منظوری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ نے دسمبر تک پاسکو کو ختم کرنے کی منظوری دے دی۔ ذرائع کے مطابق وفاقی کابینہ نے پاسکو کے ملازمین کے لیے خصوصی پیکیج کی بھی منظوری دے دی ہے۔ ذرائع کے مطابق پاسکو ملازمین (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

شہید ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کا جسد خاکی نجف پہنچا دیا گیا

آج مشہد میں امام علی رضا کے روضے کے احاطے میں سپرد خاک کیا جائے گا، ایرانی میڈیا

تہران (این این آئی) ایران کے شہید رہبر اعلیٰ آیت اللہ سید علی خامنہ ای کی میت ایران سے عراق کے شہر نجف پہنچا دی گئی۔ ایئر پورٹ پر عراقی وزیراعظم، اعلیٰ عراقی حکام (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

شکاگو وفاقی وزیر پلاننگ احسن اقبال پاکستانی نژاد امریکی سرمایہ کاروں، صنعت کاروں، کاروباری شخصیات، ٹیکنالوجی ماہرین اور مالیاتی شعبے سے وابستہ افراد خطاب کررہے ہیں

حول دوست ستی اور پائیدار توانائی کیلئے شمسی توانائی کا فروغ قومی توانائی کا اہم جزو ہے، وزیراعظم

سولر منصوبے کیلئے خریداری کے عمل میں مکمل شفافیت یقینی بنائی جائے، تمام ادائیگیاں تیسرے فریق کی توثیق کے بعد کی جائیں

100 میگاواٹ سولر منصوبہ وفاقی حکومت کا گلگت بلتستان کے عوام کیلئے تحفہ ہے، محمد شہباز شریف

اسلام آباد (یو این اے) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ ماحول دوست صاف، سستی اور پائیدار توانائی کے لیے شمسی توانائی کا فروغ قومی توانائی کا اہم جزو ہے، 100 (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم کی زیر صدارت ایپکس کمیٹی کا اجلاس آج کوئٹہ میں ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ایپکس کمیٹی کا اجلاس آج کوئٹہ میں ہوگا۔ ذرائع کے مطابق بلوچستان میں امن و امان کی مخدوش (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

لاپتا کارگو طیارے کا ملبہ بلوچستان کے ساحل سمندر سے برآمد

اوڑمارہ میں پاک بحریہ اور میری ٹائم سیکیورٹی ایجنسی کی 12 گھنٹے سے زائد کارروائی جاری ہے

اوڑمارہ (یو این اے) شارجہ سے کراچی آنے والے نجی کارگو طیارے کا ملبہ بلوچستان کے ساحلی علاقے اوڑمارہ کے قریب سمندر سے برآمد کرلیا گیا ہے۔ حکام کے مطابق (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد ڈاٹ قائمقام صدر سید یوسف رضا گیلانی سے سردار احمد رضا کی قیادت میں وفد ملاقات کررہا ہے

ٹرمپ کا جنگ بندی ختم کرنے کا اعلان، ایران کا 85 امریکی فوجی تنصیبات کو نشانہ بنانے کا دعویٰ

امریکا کی خارجہ پالیسی دباؤ اور رکاوٹوں پر مبنی ہے (پرشکیان) امریکا کو مدد دینے والے ملک کا ہر فوجی اڈہ نشانے پر ہوگا، ایران کی دھمکی

ایران امریکا مذاکرات کے باوجود آبنائے ہرمز میں بحری ٹریفک مکمل بحال نہ ہوسکی، ہرمز کے قریب قطری ٹینکر پر حملے کی مکمل قانونی ذمہ داری ایران پر عائد ہوتی ہے، قطری وزارت خارجہ

انقرہ/لندن/دوحہ/واشنگٹن/تہران (این این آئی + یو این اے) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ ہماری جنگ بندی ختم ہوچکی، ان کے ساتھ معاملات کرنا (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

تہران (م ڈ) ایران کے پاسدارانِ انقلاب نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکی حملوں کے جواب میں بحرین اور کویت میں امریکی تنصیبات پر 85 مقامات کو نشانہ بنایا ہے۔ بیان کے (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

طلال چودھری نے خیبر پختونخوا اسمبلی کا مراعاتی بل مضحکہ خیز قرار دیدیا

یہ قانون سازی مضحکہ خیز ہے اور اس سے پی ٹی آئی کے دوہرے معیار کا اظہار ہوتا ہے

دی آئی پی کلچر کے خاتمے کے دعوے کرنے والوں نے اپنے لیے مراعات کے انبار لگا لیے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چودھری نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا اسمبلی کا مراعاتی بل مضحکہ خیز اور پی ٹی آئی نے اپنے ارکان کو سیاسی رشوت دی۔ (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے حافظ عثمان اختر کی قیادت میں گرینڈ الائنس ژوب کا وفد ملاقات کررہا ہے

خضدار میں میر شفیق الرحمن مینگل کی رہائشگاہ کے قریب دھماکے، پولیس اہلکاروں سمیت 14 افراد جاں بحق

جوابی کارروائی میں 5 حملہ آور ہلاک، میر شفیق الرحمٰن خود محفوظ رہے، دھماکوں اور فائرنگ کا سلسلہ تقریباً تین گھنٹے تک جاری رہا

میر شفیق الرحمان مینگل کی رہائش گاہ پر دہشت گردانہ حملہ انتہائی بزدلانہ اور قابلِ مذمت ہے، وزیراعلیٰ

خضدار (این این آئی) خضدار میں پیپلز پارٹی کے رہنما میر شفیق الرحمان مینگل کی رہائشگاہ واقع شہزاد ٹاؤن کے قریب بدھ کو ایک زوردار دھماکہ ہوا جس کے نتیجے میں میر شفیق الرحمان مینگل کے 14 ساتھی جاں بحق ہوگئے جن میں 5 پولیس اہلکار شامل تھے جب کہ 5 حملہ آور مارے (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کی زیر صدارت سیکا کا اجلاس

توانائی کے استعمال میں کمی، سرکاری شعبے کے بجلی کے اخراجات کو کم کیا جائے

پائیدار ترقی کے فروغ کے لیے اصلاحات پر تیزی سے عمل درآمد کیا جائے، مراد علی شاہ

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے صوبے بھر میں توانائی کے تحفظ اور توانائی کی بچت کے اقدامات کو مضبوط بنانے کے لیے ایک جامع روڈ میپ کی منظوری (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

الیکشن کمیشن نے سیاسی جماعتوں سے گوشواروں کی تفصیلات طلب کرلیں

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے سیاسی جماعتوں سے سالانہ مالی گوشواروں کی تفصیلات 29 اگست (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

ایران کیساتھ امن کی کوششوں کیلئے ٹرمپ کا پرعزم مقف متاثر کن ہے، ترک صدر

انقرہ (این این آئی) ترک صدر رجب طیب اردوان نے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

نیویارک، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی چین کے وزیر مملکت داخلہ و سربراہ سپیشل سروس بیورو لنگ ژیفینگ سے ملاقات کررہے ہیں

دشمنوں کو پاکستان کی ترقی سے مسئلہ ہے، ترجمان پاک فوج

بھارت افغان طالبان رجیم کیساتھ مل کر پاکستان میں دہشتگرد کارروائیاں کررہا ہے

بلوچستان میں دہشت گرد حملوں میں 42 جوان شہید ہوئے ہیں، جوابی کارروائیوں میں 54 دہشت گرد مارے گئے، ان دہشت گرد واقعات کے پیچھے ایک ماسٹر مائنڈ ہے

دہشتگردوں اور انکے سہولت کاروں کے خاتمے کیلئے کارروائیاں جاری ہیں اور جاری رہیں گی، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کی پریس کانفرنس

راولپنڈی/کوئٹہ (این این آئی) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ بلوچستان میں دہشت گرد حملوں میں 42 جوان شہید ہوئے ہیں، جوابی کارروائیوں میں 54 دہشت گرد مارے گئے ہیں، پاکستان کے دشمن نہیں چاہتے کہ بلوچستان میں ترقی ہو، پاکستان کے دشمنوں کو پاکستان کی ترقی سے مسئلہ ہے، بھارت افغان طالبان رجیم کیساتھ (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

بشریٰ بی بی کی بیٹی کی جیل انتظامیہ کیخلاف سیشن کورٹ میں درخواست دائر

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی بیٹی مہشرہ شیخ نے جیل انتظامیہ کے خلاف سیشن کورٹ (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

بلاول بھٹو زرداری کی اسحٰق ڈار سے ملاقات

آزاد کشمیر سمیت ملکی سیاسی صورت حال اور عالمی منظرنامے پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی وزارت خارجہ کے دفتر میں ملاقات ہوئی، اس موقع (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

پاکستان اور چین کا داخلی سلامتی کے امور پر اشتراک بڑھانے پر اتفاق

انسداد دہشت گردی تعاون اور سٹریٹجک پارٹنرشپ کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ، داخلی سلامتی کے امور پر اشتراک بڑھانے پر اتفاق

دہشت گردوں کی فنڈنگ کو ہر سطح پر روکنے کی ضرورت ہے، دہشت گردوں کی پشت پناہی اور فنڈنگ میں ملوث ممالک کے خلاف مل کر کام کرنا ہوگا، محسن نقوی

نیویارک (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اقوام متحدہ کے ہیڈ کوارٹر میں چین کے وزیر مملکت داخلہ و سربراہ سپیشل سروس بیورو لنگ ژیفینگ سے ملاقات کی جس میں داخلی سلامتی کے امور پر اشتراک بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق ملاقات میں انسداد دہشت گردی تعاون اور سٹریٹجک پارٹنرشپ کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ پاک چین وزرائے داخلی سلامتی کے امور (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

محسن نقوی کا بلوچستان میں کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

وطن عزیز کے یہ شہدا پوری قوم کا فخر ہیں اور قوم ان کی لازوال قربانیوں کی ہمیشہ مقروض رہے گی، وزیر داخلہ

بہادر سپوتوں نے بھارتی سپانسرڈ دہشت گردوں کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان میں این 25 کے قریب فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

امریکی صدر اور اردوان کی ملاقات، ٹرمپ کے 5 دعوے جھوٹے نکلے

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے منگل کے روز نیٹو اجلاس سے قبل ترک صدر رجب طیب اردوان سے (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم کا نجی کارگو طیارے کے بحیرہ عرب میں گر کر لاپتہ ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے شارجہ سے کراچی آنے (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، ڈی آئی جی کوئٹہ پولیس عمران شوکت ہاشم نورزئی قتل کیس سے متعلق پریس کانفرنس کررہے ہیں

کراچی سمیت ملک بھر کے صارفین کیلئے بجلی مزید مہنگی

اضافے کا اطلاق رواں ماہ جولائی کے بلوں میں کیا جائے گا

کراچی (این این آئی) نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے کراچی سمیت ملک بھر کے صارفین کے لیے بجلی مزید مہنگی کردی اور فی یونٹ 34 پیسے کا اضافہ (بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

خام تیل کی قیمتیں دوبارہ بڑھ رہی ہیں، اس کے بعد مالی تخمینے پر کھیں گے، گورنر اسٹیٹ بینک

کراچی (این این آئی) اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے گورنر جمیل احمد نے کہا ہے کہ مالی سال 2026 کے مقابلے میں 2027 میں (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

کراچی، وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ ایس ای ای سی اے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

معاشی اصلاحات عالمی اعتماد مستحکم ملکی اقتصادی کارکردگی بہتر ہورہی ہے، وزیر خزانہ

سال 2026-27 کے بجٹ کے تحت پاکستان کے معاشی بنیادی اشاریوں میں نمایاں بہتری آئی ہے

مسلسل معاشی اصلاحات اور مالیاتی نظم وضبط سے پاکستان کی معیشت اور عالمی اعتماد دونوں مضبوط ہورہے ہیں

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان کی معاشی اصلاحات اور مالیاتی استحکام پر عالمی اعتماد مزید مضبوط ہو چکا، معاشی اصلاحات اور موثر معاشی پالیسیوں سے ملک کی اقتصادی کارکردگی مسلسل بہتر ہورہی ہے۔ ان خیالات (بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

اسحاق ڈار کا چین میں تباہ کن سیلاب سے ہونے والے نقصان پر اظہار افسوس

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے چین میں تباہ کن سیلاب سے ہونے والے جانی اور (بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

پارلیمنٹیرینز پر دو لیجز بل پر عوام اور صحافیوں کے تحفظات دور کیے جائیں، سہیل آفریدی

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے ضلع ملاکنڈ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

بلوچستان فورسز کا آپریشن فتنہ الہندوستان کے دہشتگرد ہلاک، 11 جوان شہید

عوام کی جان و مال اور شاہراہوں کا تحفظ کیا جائے گا اور بلوچستان کے امن کو یرغمال بنانے کی ہر کوشش کا جواب دیا جائے گا، سیکورٹی ذرائع

ہلاک دہشت گرد مسافروں اور مقامی شہریوں سے بھتہ وصول کرنے میں مصروف تھے، رپورٹ

امریکا نے ایران کے تیل بیچنے پر پھر پابندی لگادی، ایران کی مذمت

امریکا نے مفاہمتی یادداشت کی خلاف ورزی کی ہے اور اس صورتحال کا ذمہ دار وہ خود ہے، وزارت خارجہ

تہران/واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے ایران کے تیل بیچنے پر پھر پابندی لگادی۔ امریکا کا دعویٰ ہے کہ نئی پابندیاں آبنائے ہرمز میں حملے کے سبب لگائی گئی ہیں۔ ایران نے امریکی اقدام کی مذمت کی ہے۔ ایران کی وزارت خارجہ نے کہا کہ اپنے مفادات اور قومی سلامتی (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

محسن نقوی کی سری لنکن ہم منصب سے ملاقات، انسداد منشیات تعاون بڑھانے پر اتفاق

نیویارک (این این آئی) نیویارک میں وفاقی وزیر داخلہ و نارکوٹکس کنٹرول محسن نقوی نے اقوام متحدہ کے ہیڈ کوارٹر میں سری لنکن ہم منصب آنندوجے پالا سے ملاقات کی جس میں (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

ملک بھر میں سورج آگ برسانے لگا، کئی شہروں میں ہیٹ انڈیکس خطرناک حد تک بڑھ گیا

اسلام آباد (این این آئی) ملک کے مختلف علاقوں میں بدھ کو بھی شدید گرمی کی لہر برقرار رہی جہاں ہیٹ انڈیکس خطرناک (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ اور چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد کانفرنس کے اختتام پر شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

ہلاک دہشت گرد مسافروں اور مقامی شہریوں سے بھتہ وصول کرنے میں مصروف تھے، رپورٹ

امریکا نے ایران کے تیل بیچنے پر پھر پابندی لگادی، ایران کی مذمت

امریکا نے مفاہمتی یادداشت کی خلاف ورزی کی ہے اور اس صورتحال کا ذمہ دار وہ خود ہے، وزارت خارجہ

تہران/واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے ایران کے تیل بیچنے پر پھر پابندی لگادی۔ امریکا کا دعویٰ ہے کہ نئی پابندیاں آبنائے ہرمز میں حملے کے سبب لگائی گئی ہیں۔ ایران نے امریکی اقدام کی مذمت کی ہے۔ ایران کی وزارت خارجہ نے کہا کہ اپنے مفادات اور قومی سلامتی (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

محسن نقوی کی سری لنکن ہم منصب سے ملاقات، انسداد منشیات تعاون بڑھانے پر اتفاق

نیویارک (این این آئی) نیویارک میں وفاقی وزیر داخلہ و نارکوٹکس کنٹرول محسن نقوی نے اقوام متحدہ کے ہیڈ کوارٹر میں سری لنکن ہم منصب آنندوجے پالا سے ملاقات کی جس میں (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

ملک بھر میں سورج آگ برسانے لگا، کئی شہروں میں ہیٹ انڈیکس خطرناک حد تک بڑھ گیا

اسلام آباد (این این آئی) ملک کے مختلف علاقوں میں بدھ کو بھی شدید گرمی کی لہر برقرار رہی جہاں ہیٹ انڈیکس خطرناک (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

کرکٹ میچ کے دوران نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ، دو کھلاڑی جاں بحق

جاں بحق ہونے والے دونوں افراد کا تعلق مسیحی برادری سے ہے، ورثاء نے قومی شاہراہ احتجاجاً بلاک

مستونگ (این این آئی) مستونگ کے علاقے شمس آباد کراس میں کرکٹ میچ کے دوران نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ کے نتیجے میں دو کرکٹ کھلاڑی جاں بحق ہوگئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق جاں بحق ہونے والے دونوں افراد کا تعلق مسیحی برادری سے ہے۔ شمس آباد کراس (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

آزاد کشمیر کی مہاجر نشستیں کسی صورت ختم نہیں ہونے دیں گے، سعد رفیق

پاکستان اور کشمیری عوام کا رشتہ لازوال ہے اور دنیا میں شاید ہی کوئی قوم کشمیریوں سے بڑھ کر پاکستان سے محبت کرتی ہو

اگر انتخابی نظام میں خامیاں موجود ہیں تو ان کی اصلاح کی جائے، نظام کو ختم کرنا مسئلے کا حل نہیں

اٹک (این این آئی) سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کی مہاجر نشستیں کسی صورت ختم نہیں ہونے دیں گے۔ شیخ آفتاب احمد کی رہائش گاہ پر پارٹی کارکنوں (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

امریکا کا ایران پر حملہ، اسرائیل کی جنوبی لبنان پر بمباری

حملے آبنائے ہرمز سے گزرنے والے جہازوں پر ایرانی حملوں کے ردعمل میں کیے گئے، سینٹکام

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے ایران پر حملہ کیا ہے اور دوسری جانب اسرائیل نے جنوبی لبنان پر متعدد حملے کیے۔ روسی میڈیا کے مطابق اسرائیلی فضائیہ نے جنوبی لبنان (بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

پاکستان دشمن عناصر اپنے ناپاک عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے، شرجیل میمن

وطن پر اپنی جان قربان کرنے والے افسران اور اہلکاروں کی لازوال قربانیاں کبھی فراموش نہیں کی جاسکتیں

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر و صوبائی وزیر اطلاعات، ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن نے بلوچستان میں سیکورٹی فورسز پر دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے قیمتی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پارلیمنٹیرینز پر دو لیجز بل پر عوام اور صحافیوں کے تحفظات دور کیے جائیں، سہیل آفریدی

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے ضلع ملاکنڈ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

اسحاق ڈار کا چین میں تباہ کن سیلاب سے ہونے والے نقصان پر اظہار افسوس

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے چین میں تباہ کن سیلاب سے ہونے والے جانی اور (بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیرالاشاعت روزنامہ
Daily Gwadar Business
ABC Certified
روزنامہ گوادر بزنس
ایڈیٹر ریاض احمد

مہنگائی بدستور جاری۔۔۔۔۔۔

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں معمولی کمی کے باوجود ملک میں مہنگائی کی مجموعی صورتحال میں کوئی خاطر خواہ بہتری نظر نہیں آ رہی، آٹا، گھی، تیل، دالیں اور چاول بدستور مہنگے داموں فروخت ہو رہے ہیں، جس سے عام شہری شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ 20 کلو آٹے کا تھیلا 2200 روپے میں فروخت کیا جا رہا ہے جبکہ درجہ اول کوکنگ آئل اور گھی کی قیمت 605 روپے فی لیٹر تک پہنچ گئی ہے، اسی طرح چاول 310 روپے فی کلو کے حساب سے دستیاب ہیں، جس نے شہریوں کی قوتِ خرید کو مزید متاثر کیا ہے۔ گوشت کی قیمتوں میں بھی اضافہ برقرار ہے مٹن 1600 روپے فی کلو اور بیف 800 روپے فی کلو تک فروخت ہو رہا ہے۔ دوسری جانب روٹی کی قیمت میں بھی اضافہ دیکھا گیا ہے، جہاں 14 روپے والی روٹی تندوروں پر 20 روپے میں فروخت کی جا رہی ہے۔ دودھ کی قیمت 170 روپے کے بجائے 240 روپے فی لیٹر تک پہنچ گئی ہے جبکہ دہی بھی سرکاری نرخوں سے زائد، 260 روپے فی کلو میں دستیاب ہے، سبزیاں اور ترکاریاں بھی سرکاری ریٹ لسٹ کے مطابق فروخت نہیں ہو رہیں۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید کمی کی جائے اور سرکاری نرخ ناموں پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے تاکہ مہنگائی کے بوجھ میں کمی آ سکے۔ واضح رہے کہ ادارہ شماریات کی رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ کراچی کے شہری پاکستان میں سب سے زیادہ مہنگا آٹا خرید رہے ہیں۔ دستاویز کے مطابق ملک میں آٹے کی قیمتوں میں مزید اضافہ ہوگیا ہے، ملک میں 20 کلو آٹے کے تھیلے کی زیادہ سے زیادہ قیمت 2900 روپے تک پہنچ گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق کراچی کے شہری ملک میں سب سے زیادہ مہنگا آٹا خرید رہے ہیں، کراچی میں 20 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت 2900 روپے تک ہے۔ اسلام آباد میں 20 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت 2800 روپے تک ہے، کوئٹہ اور خضدار میں قیمت 2800 روپے تک ہوگئی ہے۔

عدالتی نظام کی اصلاحات

تحریر۔ افتخار احمد سندھو

کہتے ہیں ایک طوطے اور طوطی کا گزر ایک ویرانے سے ہوا۔ ویرانی دیکھ کر طوطی نے طوطے سے پوچھا: یہ گاؤں اس قدر ویران کیوں ہے؟ طوطے نے جواب دیا کہ لگتا ہے یہاں سے کسی الو کا گزر ہوا جس کی نحوست سے پورا گاؤں ویران ہو چکا ہے۔ جس وقت طوطا اور طوطی یہ باتیں کر رہے تھے اتفاق سے ایک الو واقعی وہاں موجود تھا جس نے یہ ساری گفتگو سن لی۔ وہ الو بولا: تم لوگ گاؤں میں مسافر لگتے ہو، آج رات میرے پاس ٹھہرو، کھانا کھاؤ، کل چلے جانا۔ الو کی دعوت کو دونوں نے ٹھکرانا مناسب نہ سمجھا اور وہاں رک گئے۔ صبح جب اظہارِ تشکر کے بعد دونوں چلنے لگے تو الو نے طوطی کو روک لیا کہ تم کہاں جا رہی ہو۔ طوطی بولی: میں طوطے کے ساتھ جا رہی ہوں، مجھے اس کے ساتھ ہی جانا ہے۔ الو نے کہا کہ مگر تم تو طوطی نہیں، میری بیوی ہو، تم یہاں ہی رہو گی، اس لیے طوطے کے ساتھ جانے کی ضد نہ کرو۔ یہ بات سن کر طوطا بہت بگڑا اور کہنے لگا: یہ تم کیا کہہ رہے ہو، اپنے آپ کو دیکھو اپنی شکل دیکھو، رنگ دیکھو، پھر طوطی کو اپنی بیوی کہو۔ ہم دونوں کو پریشان نہ کرو اور یہاں سے جانے دو۔ معاملہ بگڑنے لگا تو الو نے تجویز پیش کی کہ آپس میں جھگڑنے کے بجائے ہم دونوں قاضی کے پاس چلتے ہیں اور قاضی کا فیصلہ دونوں فریقوں کو قبول کرنا ہو گا۔ یہ تجویز سن کر طوطا مان گیا۔ دونوں طوطی کے ہمراہ قاضی کی عدالت میں پیش ہوئے اور اپنا مقدمہ پیش کیا۔ الو اور طوطے کی داستان سن کر قاضی نے فیصلہ سنایا کہ طوطا اپنے مقدمے کے حق میں معقول شواہد پیش نہیں کر سکا اور بادی النظر میں الو کا موقف درست معلوم ہوتا ہے۔ اس بے انصافی پر طوطا بہت تلملایا مگر قاضی کا فیصلہ اسے ماننا پڑا اور طوطی کو چھوڑ کر طوطے نے اپنی راہ لی۔ طوطا ابھی زیادہ دور نہیں گیا تھا کہ الو نے اُسے آواز دے کر روکا اور کہا کہ اپنی طوطی کو بھی لیتے جاؤ جو تمہاری بیوی ہے۔ طوطا حیران ہو کر بولا کہ عدالت اسے میری نہیں تمہاری بیوی قرار دے چکی ہے۔ الو نے بڑی نرمی کہا کہ نہیں بھائی! یہ طوطی ہے، یہ میری نہیں تمہاری بیوی ہے اور تم کو مبارک ہو، میں تو آپ کو صرف یہ بتانا چاہتا تھا کہ بستیاں اور گاؤں الو ویران نہیں کرتے، بستیوں میں ویرانی تب ڈیرے ڈالتی ہے جب ان بستیوں سے انصاف اُٹھ جاتا ہے اور بے انصافی کا دور دورہ ہوتا ہے۔

دوسری جنگ عظیم کے دوران جب لندن پر بمباری کی جا رہی تھی اور وزیراعظم ونسٹن چرچل کو ہلاکتوں اور معاشی نقصانات کے بارے میں بریفنگ دی گئی تو چرچل نے پوچھا: کیا عدالتیں کام کر رہی ہیں؟ اور جب اسے بتایا گیا کہ ججز انصاف فراہم کر رہے ہیں تو چرچل نے کہا: خدا کا شکر ہے! عدالتیں کام کر رہی ہیں تو کچھ نہیں ہوگا۔ مگر ہمارے ہاں عدالتی نظام طویل عرصے سے چیلنجز اور مسائل کی آماجگاہ بنا ہوا ہے۔ انصاف میں تاخیر، مقدمات کا انبار، عدالتی وسائل کی کمی، عوامی اعتماد اور شفافیت کے مسائل ایسے عوامل ہیں جو نہ صرف عام شہریوں کی زندگی کو متاثر کرتے ہیں بلکہ نظام انصاف پر بھی سوالیہ نشان کھڑے کرتے ہیں۔ ملک کے سیاسی، معاشی اور سماجی حالات کو دیکھتے ہوئے ہر باشعور شہری اس نظام کی اصلاح چاہتا ہے، لیکن اس کے لیے جو طریقہ کار تجویز کیا جاتا ہے وہ اکثر جزوی اور سطحی ہوتا ہے۔ کسی بھی ملک اور معاشرے کی ترقی اور خوشحالی کیلئے انصاف کی بروقت فراہمی جزو لاینفک ہے۔ قانون کا ایک ادنیٰ طالبعلم ہونے کے ناتے دورہ کینیڈا کے دوران معروف قانون دان عاطف سہیل بٹ اور ماہر قانون جہانزیب صاحب سے کئی ملاقاتیں ہوئیں اور عدالتی نظام پر سیر حاصل گفتگو ہوئی۔ عاطف سہیل بٹ نے سپریم کورٹ سمیت پاکستان کی عدالتوں میں بیس سال تک قانون کی پریکٹس کی۔ اب وہ تقریباً سات آٹھ سال سے کینیڈا میں وکالت کر رہے ہیں۔ جہانزیب صاحب بھی وکالت کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں، پنجاب میں ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل بھی رہے اور آج کل کینیڈا مقیم ہیں۔ عدالتی نظام کے حوالے سے میرا نقطہ نظر یہ تھا کہ اس نظام کی اصلاح کسی طرح بھی ممکن نہیں، ہمیں اس کی جگہ ایک نیا نظام لانا چاہیے۔ میرے قانون دان دوستوں نے میری بہت سی باتوں سے اتفاق کیا۔ ان کی گفتگو کا لب لباب یہ تھا کہ پاکستانی عدلیہ کو متعدد اہم مسائل کا سامنا ہے جن میں مقدمات کا بیک لاگ، غیر ضروری تاخیر، بدعنوانی اور کارکردگی میں کمی شامل ہیں، جس نے عدالتی نظام اور عوام کے اعتماد کو نقصان پہنچایا ہے، اس لیے اس کی اصلاح ضروری ہے۔ بقول شاعر:

ظلم بچے جَن رہا ہے کوچہ و بازار میں عدل کو بھی صاحبِ اولاد ہونا چاہیے

دونوں دوستوں کا کہنا تھا کہ پاکستانی عدالتوں میں انصاف کی تاخیر کے اسباب کا بنظرِ عمیق جائزہ لیں تو معلوم ہوتا ہے کہ اس کی بنیادی وجوہات میں لاکھوں مقدمات کا بیک لاگ، تقرریوں میں جانبداری، عدالتی افسران کی نااہلی، بدعنوانی، فرسودہ اور پرانے قوانین، وکلا اور عدالتوں کی طرف سے بار بار التوا، قابل ججوں کی کمی، عملی خامیاں، تحقیقات میں تاخیر اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ ناقص تعاون شامل ہے۔ لاء اینڈ جسٹس کمیشن آف پاکستان سے حاصل کردہ اعداد و شمار کے مطابق سپریم کورٹ سمیت پاکستان کی عدالتوں میں تقریباً 23 لاکھ 62 ہزار مقدمات زیرِ التوا ہیں۔ تازہ اعداد و شمار کے مطابق ضلعی عدلیہ میں زیرِ التوا مقدمات کی تعداد 20 لاکھ سے تجاوز کر گئی ہے۔ عدالتی کارکردگی بہتر بنانے کیلئے مجوزہ اصلاحات میں ججوں کیلئے لازمی تربیت، میرٹ کی بنیاد پر تقرر اور آزاد عدالتی کمیشن، کارکردگی کی درجہ بندی اور عوامی شفافیت کے ذریعے بڑھتی ہوئی جوابدہی، ججوں کی ترقیوں اور مراعات کو کارکردگی سے منسلک کرنا، جدید ٹیکنالوجی کا انضمام، ڈیجیٹل کیس مینجمنٹ اور ای فائلنگ سسٹم شامل ہیں۔ مقدمات کے ریکارڈ اور فیصلوں کیلئے مرکزی ڈیجیٹل ذرائع تک مفت رسائی، الیکٹرانک فائلنگ اور آن لائن کیس مانیٹرنگ، وڈیو کانفرنسنگ کی حوصلہ افزائی، مصنوعی ذہانت کے ٹولز اور مصنوعی ذہانت پر مبنی قانونی تحقیق، آئی ٹی انفراسٹرکچر اور سٹاف کی تربیت ناگزیر ہے۔ بلاشبہ عدالتی پروسیجر کو آسان بنانے، آن لائن ادائیگی ممکن بنانے اور نظام انصاف میں شفافیت بڑھانے کیلئے ٹیکنالوجی کا استعمال وقت کی اہم ضرورت ہے۔ جرمانے اور ضمانت کیلئے آن لائن ادائیگی، فوری تصدیق اور شناخت فراہم کی جائے۔ نیز ایپلیٹ کے عمل میں سادگی لانا ہوگی، شکایات سنجالنے اور عدالتی عملے کی بدانتظامیوں کی تحقیقات کیلئے خودمختار عدالتی محتسب آفس قائم کرنا ہوگا۔ جرمانے بڑھا کر نظام انصاف کو بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ اس سے جرائم کی روک تھام ہو سکتی ہے۔ زیادہ جرمانے چھوٹے جرائم کو روکنے اور قوانین کی پاسداری کو فروغ دیتے ہیں۔ مالی ذمہ داری ملزمان کو قانون کا احترام کرنے پر مجبور کرتی ہے اور جمع کیے گئے جرمانے کمیونٹی کی ترقی اور بحالی کیلئے استعمال کیے جا سکتے ہیں۔

عدلیہ کی کارکردگی کو بہتر بنانے کیلئے قانونی اور انضباطی اصلاحات کی بھی اشد ضرورت ہے۔ پرانے قوانین جیسے کہ سی پی سی، سپیسفک ریلیف ایکٹ (1877ء)، ٹرانسفر آف پراپرٹی ایکٹ، پری ایمپشن ایکٹ، رجسٹریشن ایکٹ خاص طور پر قانون شہادت کی فوری اصلاح کی ضرورت ہے کیونکہ عدالتوں میں چند سو روپوں میں جھوٹا گواہ مل جاتا ہے۔ علاوہ ازیں میڈی ایشن اور ثالثی کیلئے مراعات میں اضافہ کرنا ہوگا۔ عدالتی بجٹ میں اضافہ کرنے کی ہرگز ضرورت نہیں کیونکہ ججوں کی تنخواہیں اور مراعات پہلے ہی ضرورت سے زیادہ ہیں۔ تاہم وکلا اور عدالتی افسران کیلئے انضباطی کارروائیاں اور جوابدہی کے اقدامات کرنا ہوں گے۔ مقدمات میں غیر ضروری اور بار بار التوا، ہڑتالیں اور دیگر تاخیری حربوں کو روکنے کیلئے جرمانے عائد کرنا ہوں گے۔ سول مقدمات کے جلد فیصلوں کیلئے وقت کی حد طے کرنے والا قانون بنانا ہوگا تاکہ دادے کا کیس پوتے تک نہ پہنچے بلکہ دادا اپنی زندگی میں ہی اس کا فیصلہ سن لے۔ یہ میرے قانون دان دوستوں کی رائے تھی لیکن مجھے ایسا ہوتا دکھائی نہیں دیتا۔

کسان کارڈ بلوچستان میں زرعی ترقی کی جانب ایک اہم پیش رفت

تحریر۔ چاکر بلوچ

بلوچستان قدرتی وسائل، وسیع زرعی اراضی اور محنتی کسانوں کی سرزمین ہے۔ تاہم گزشتہ کئی برسوں سے پانی کی قلت، بڑھتی ہوئی پیداواری لاگت، جدید زرعی سہولیات کی کمی اور مالی مشکلات نے کاشتکاروں کو حکومتی سہولیات، مالی معاونت، زرعی سبسڈی اور دیگر مراعات تک آسان رسائی فراہم کرنا ہے۔ اس نظام کے ذریعے امدادی رقوم اور سہولیات مستحق کسانوں تک شفاف انداز میں پہنچ سکیں گی، جس سے بدعنوانی اور غیر ضروری رکاوٹوں میں بھی کمی آئے گی۔ حکومت بلوچستان نے دیگر اضلاع کی طرح ضلع کیچ میں بھی کسانوں کو کسان کارڈ فراہم کیے ہیں، جس کا مقامی زمینداروں نے خیر مقدم کیا ہے۔ ضلع کیچ اپنی زرعی پیداوار کے حوالے سے بلوچستان کا ایک اہم ضلع سمجھا جاتا ہے۔ یہاں کے زرعی علاقے دشت، بلیدہ، ہوشاپ، بالگتر اور زامران اپنی زرخیز زمینوں اور منفرد موسمی حالات کی وجہ سے خصوصی اہمیت رکھتے ہیں۔ ان علاقوں میں کھجور کی اعلیٰ اقسام کے علاوہ آم، لیموں، مالٹا، امرود، انار، انگور، انجیر، پیاز، ٹماٹر، مرچ، بھنڈی، بینگن، مختلف موسمی سبزیاں، گندم، جو اور دیگر اجناس کی کاشت کی جاتی ہے۔

ان علاقوں کی زرعی پیداوار نہ صرف مقامی ضروریات پوری کرتی ہے بلکہ بلوچستان کے دیگر اضلاع اور ملک کے مختلف حصوں تک بھی پہنچائی جاتی ہے۔ کسان کارڈ کی فراہمی ان زرعی علاقوں کے کاشتکاروں کے لیے نئی امید اور اعتماد کا باعث بنے گی۔ اس منصوبے کے نتیجے میں کسان معیاری بیج، کھاد، زرعی ادویات اور دیگر ضروری اشیاء مناسب سہولیات کے ساتھ حاصل کر سکیں گے۔ اس سے نہ صرف پیداواری لاگت میں کمی آئے گی بلکہ فی ایکڑ پیداوار میں بھی اضافہ ہوگا، جس کا براہِ راست فائدہ کسانوں، مقامی معیشت اور ملکی زرعی شعبے کو پہنچے گا۔ زرعی شعبہ کسی بھی ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ بلوچستان جیسے زرعی صوبے میں اگر کسان کو مضبوط بنایا جائے تو اس کے مثبت اثرات روزگار، غذائی تحفظ، دیہی ترقی اور مجموعی اقتصادی استحکام کی صورت میں سامنے آئیں گے۔ کسان کارڈ اسی سمت میں ایک مؤثر قدم ثابت ہو سکتا ہے۔ ضلع کیچ کے کسانوں کی توقع ہے کہ اس منصوبے کو صرف کارڈ کے اجرا تک محدود نہیں رکھا جائے گا بلکہ اس کے ذریعے آسان زرعی قرضے، جدید زرعی مشینری، آبپاشی کے بہتر نظام، زرعی تربیت، کولڈ اسٹوریج، زرعی تحقیق اور مارکیٹنگ کی سہولیات بھی فراہم کی جائیں گی تاکہ دشت، بلیدہ، ہوشاپ، بالگتر، زامران اور دیگر زرعی علاقوں کے کاشتکار اپنی پیداوار کو بہتر قیمت پر فروخت کر سکیں اور زراعت جدید خطوط پر استوار ہو۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ متعلقہ ادارے کسان کارڈ کے نظام کو مکمل شفافیت اور میرٹ کے مطابق چلائیں تاکہ حقیقی اور محنتی کسان اس سے بھرپور فائدہ اٹھا سکیں۔ اس کے ساتھ ساتھ کسانوں میں اس منصوبے سے متعلق آگاہی مہم بھی چلائی جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ کاشتکار اس سہولت سے مستفید ہوں۔ یہ حقیقت ہے کہ مضبوط کسان ہی مضبوط معیشت کی بنیاد ہوتا ہے۔ حکومت بلوچستان کا کسان کارڈ پروگرام اگر مؤثر انداز میں جاری رہا اور اسے مزید وسعت دی گئی تو یہ نہ صرف ضلع کیچ بلکہ پورے بلوچستان میں زرعی انقلاب کی بنیاد بن سکتا ہے۔ خصوصاً دشت، بلیدہ، ہوشاپ، بالگتر اور زامران جیسے زرعی علاقوں کی ترقی سے نہ صرف ہزاروں کسانوں کی معاشی حالت بہتر ہوگی بلکہ بلوچستان کی زرعی پیداوار، غذائی خودکفالت اور مجموعی معیشت کو بھی نئی مضبوطی حاصل ہوگی۔ امید کی جانی چاہیے کہ یہ اقدام کسانوں کی خوشحالی، زرعی پیداوار میں اضافے اور صوبے کی معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کرے گا۔

☆☆☆



بقیہ 1

جی پولیس اور انٹیلی جنس بیورو کے نمائندے شامل ہوں گے۔ محکمہ داخلہ بلوچستان کے مطابق انگوائری کمیٹی دہشت گرد حملے سے قبل، دوران اور بعد کے تمام واقعات اور سیکیورٹی رسپانس کا جائزہ لے گی، کمیٹی سیکیورٹی اداروں کی تیاری، کمانڈ اینڈ کنٹرول، رابطہ کاری اور ایس او پیز پر عملدرآمد کا تفصیلی جائزہ لے گی۔ معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان کے مطابق علاوہ ازیں غفلت، کوتاہی، آپریشنل خامیوں یا ذمہ داری کے تعین کی صورت میں متعلقہ افراد کے خلاف کارروائی کی سفارش کی جائیگی، انگوائری کمیٹی ماگنی ڈیم اور صوبے کی اہم تنصیبات کے تحفظ کے لیے فوری، درمیانی اور طویل المدتی سیکیورٹی اقدامات تجویز کرے گی۔ شاہد رند نے کہا کہ مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے پالیسی، ادارہ جاتی اور آپریشنل اصلاحات بھی تجویز کی جائیں گی، انگوائری کمیٹی کو ریکارڈ اور افسران کی طلبی، گواہوں کے بیانات، جائے وقوعہ کے معائنے اور ماہرین کی خدمات حاصل کرنے کے مکمل اختیارات دے دیے گئے، انگوائری کمیٹی پندرہ روز کے اندر اپنی رپورٹ حکومت بلوچستان کو پیش کرے گی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان کا کہنا تھا کہ عوام کے جان و مال کے تحفظ میں غفلت یا نااہلی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 2

میں بی اینڈ آر تصیر آباد میں چیف انجینئر مواصلات و تعمیرات تصیر آباد زون بشیر ناصر کی سربراہی میں اسسٹنٹ کمیشنر آپریٹر کی آسامیوں کے لیے انٹرویوز منعقد کیے گئے۔ کمیٹی میں ایڈمن آفیسر امان اللہ بنگلوئی، سپرنٹنڈنگ انجینئر زفدا حسین کھوسہ، ارسلا خان رند، کمشنر آفس کے سپرنٹنڈنٹ شیر اللہ کھوسہ، محمد اقبال مری اور محمد اکرم عمرانی شامل تھے، جبکہ اس موقع پر سب ڈویژنل آفیسر عابد علی پنہور اور غلام اسحاق مستوئی بھی موجود تھے۔ چیف انجینئر بشیر ناصر نے امیدواروں کے کاغذات کی جانچ پڑتال کرتے ہوئے بتایا کہ مجموعی طور پر اسسٹنٹ کمیشنر آپریٹر کے 37 امیدوار شارٹ لسٹ کے انٹرویوز لیے گئے ہیں اور حکومت کے وژن کے مطابق مکمل شفافیت، میرٹ اور اہلیت کی بنیاد پر مستحق اور لائق امیدواروں کی تعیناتی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ نئے امیدواروں کی تعیناتی کے بعد مزید بہتر معنوں میں عوامی خدمات سرانجام دی جا سکیں گی اور لکھے پڑھے نوجوانوں کو روزگار بھی فراہم کیا جا سکے گا۔

بقیہ 3

اسسٹنٹ سب انسپکٹر آفتاب احمد بلیدی اور ہیڈ محرر امان اللہ نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کر کے سندر خان بگٹی سکنہ سوئی کو حسب ضابطہ 4 بوتل (شراب) واٹ ون برآمد کر کے ملزم کے خلاف مقدمہ 18 2026 بجرم زیر دفعہ 3.4 آرڈیکل ارتکاب کیا جا کر مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 4

سندھ ایجوکیشن فاؤنڈیشن گہنور علی لغاری نے کی۔ اس موقع پر ڈپٹی مینیجنگ ڈائریکٹر شاہ پارا رضوی، ڈائریکٹر فنانس الطاف آزاد علی، ڈائریکٹر پروگرامز ایڈ پلاننگ نثار بلھن، ڈائریکٹر ہیومن ریسورسز منشر مرزا، ڈپٹی ڈائریکٹرز اور اسسٹنٹ ڈائریکٹرز بھی موجود تھے، جبکہ سندھ بھر کے ڈسٹرکٹ اور ریجنل ہیڈز نے آن لائن اجلاس میں شرکت کی۔ سینئر صحافی ایم۔ ایم۔ عالم بھی اس موقع پر موجود تھے۔ ملاقات کے دوران مینیجنگ ڈائریکٹر گہنور علی لغاری نے وفد کو سندھ ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے قیام، دائرہ کار، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ماڈل، مختلف تعلیمی پروگرامز اور صوبہ بھر میں معیاری تعلیم کی فراہمی کے لیے جاری اقدامات سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر فاؤنڈیشن کے تعلیمی پورٹ فولیو اور مختلف منصوبوں پر مشتمل ایک تفصیلی بریزینٹیشن بھی دی گئی۔ وفد نے سندھ ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے تعلیمی ماڈل اور اس کی خدمات میں دلچسپی کا اظہار کیا، جبکہ دونوں اداروں کے نمائندوں نے تعلیم، ادارہ جاتی تجربات اور باہمی روابط کے فروغ سے متعلق مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔

بقیہ 5

ایسیئن خلیل احمد عمرانی سمیت دیگر افسران شریک ہیں، جبکہ محمد اسحاق مستوئی، عابد علی پنہور، محمد اقبال مری اور محکمہ کے دیگر متعلقہ افسران بھی موجود ہیں۔ اس موقع پر امیدواروں کے تعلیمی اسناد، تجربے اور اہلیت کا شفاف انداز میں جائزہ لیا جا رہا ہے۔ انٹرویو کمیٹی کے اراکین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بھرتی کا تمام عمل میرٹ، شفافیت اور حکومتی پالیسی کے مطابق مکمل کیا جائے گا تاکہ اہل اور مستحق امیدواروں کا انتخاب یقینی بنایا جا سکے۔ امیدواروں نے بھی امید ظاہر کی کہ محکمہ سی اینڈ ڈبلیو میں بھرتیوں کا عمل مکمل طور پر میرٹ اور انصاف کی بنیاد پر انجام دیا جائے گا۔

بقیہ 6

ورثاء کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے قاتلوں کی تلاش شروع کر دی تمبو پولیس تھانہ خانوٹ کی حدود گوٹھ میرواہ میں گزشتہ شب نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک خاتون سرداراں بی بی ولد ممتاز علی صوبھانی ہلاک ہوگء واقعے کے بعد ملزمان فرار ہو گئے واقع کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور لاش اپنی تحویل میں لیکر پوسٹ مارٹم کے لیے ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی منتقل کر دی گئی جہاں ضروری کارروائی کے بعد نعش ورثاء کے حوالے کر دی پولیس کے مطابق واقعہ پرانی دشمنی کا شاخسانہ ہے پولیس نے مقدمہ درج کر کے قاتلوں کی تلاش شروع کر دی پولیس تھانہ صدر ڈیرہ مراد جمالی کی حدود گوٹھ سلطان ہنجوانی میں اچانک گولی چلنے سے ایک نوجوان ایاز علی ولد ہمت علی ہنجوانی موقع پر ہی جانبحق ہو گیا واقعے کی اطلاع پر پولیس جائے وقوع پر پہنچ گئی اور لاش اپنی تحویل میں لیکر پوسٹ مارٹم کے لیے ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی منتقل کر دی گئی جہاں ضروری کاروائی کے بعد نعش ورثاء کے حوالے کر دی گئی

بقیہ 7

، بینک، تعلیمی ادارے اور دیگر تجارتی سرگرمیاں مکمل طور پر بند رہیں، جبکہ بازار میں معمول کی سرگرمیاں بھی معطل رہیں۔ مرکزی انجمن تاجران کے مطابق شٹر ڈاؤن ہڑتال کا مقصد مانگی ڈیم سانحے میں شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کرنا، ان کے اہل خانہ سے اظہار یکجہتی کرنا اور دہشت گردی کے اس افسوسناک واقعے کے خلاف پرامن احتجاج ریکارڈ کرانا تھا۔ ہڑتال کی حمایت علاقے کی مختلف سیاسی، مذہبی اور سماجی جماعتوں نے بھی کی۔ مقررین اور شرکا نے دہشت گردی کے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ حملے میں ملوث عناصر کو جلد از جلد قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور علاقے میں پائیدار امن و امان کے قیام کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ شہریوں، تاجروں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھی ہڑتال میں بھرپور شرکت کرتے ہوئے شہدا کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا اور ملک میں امن و استحکام کے لیے دہشت گردی کے خلاف قومی اتحاد اور مشترکہ کوششوں کی ضرورت پر زور دیا۔

بقیہ 8

مسلسل کمی کے باعث ٹرانسپورٹرز اپنے روزمرہ اخراجات، گاڑیوں کی دیکھ بھال، عملے کی تنخواہیں اور دیگر مالی ذمہ داریاں پوری کرنے سے قاصر ہیں، جبکہ اس شعبے سے وابستہ ہزاروں خاندان شدید معاشی مشکلات کا شکار ہو چکے ہیں۔ حاجی حبیب اللہ خان بادیزئی نے کہا کہ ٹرانسپورٹ کا شعبہ کسی بھی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، لیکن بلوچستان میں جاری بدامنی نے اس شعبے کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا ہے۔ انہوں نے وفاقی اور صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا کہ امن و امان کی بحالی کو اولین ترجیح دی جائے، قومی شاہراہوں کو ہر قسم کے خطرات سے محفوظ بنایا جائے اور عوام، تاجروں، ٹرانسپورٹرز اور سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال کرنے کیلئے فوری اور مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر بدامنی کا یہ سلسلہ اسی طرح جاری رہا تو نہ صرف ٹرانسپورٹ کا شعبہ مکمل طور پر مفلوج ہو جائے گا بلکہ لاکھوں افراد کے روزگار بھی خطرے میں پڑ جائیں گے، اور عام لوگوں کیلئے دو وقت کی سوکھی روٹی کا حصول بھی مشکل ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے معاشی استحکام اور عوام کی خوشحالی کیلئے پائیدار امن ناگزیر ہے، کیونکہ امن کے بغیر نہ ترقی ممکن ہے اور نہ ہی سرمایہ کاری اور کاروباری سرگرمیوں کی بحالی ممکن ہے۔

بقیہ 9

سٹی میں محکمہ کے مجوزہ ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا واضح رہے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ کے خصوصی ہدایات اور سیکریٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان کے زیر نگرانی روزانہ کی بنیاد پر ڈی ایس سی کا انعقاد کیا جا رہا ہے تاکہ صوبے ان اسکیموں کو جلد از جلد شروع کیا جائے اجلاس میں چیف انجینئر کوئیٹہ زون عبدالرحیم بنگلزئی ایس سی کوئیٹہ سٹی اظہر جان ایس سی پشین سرکل وسیم حیدر ٹیکنیکل ایڈوائزر احسان اللہ خان دوتانی پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ پی اینڈ ڈی کے حکام اور متعلقہ ایگزیکٹو انجینئرز نے شرکت کی اجلاس کے دوران ان اضلاع میں محکمہ مواصلات و تعمیرات کے تحت مختلف سڑکوں سے متعلق ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی غور کیا گیا متعلقہ حکام نے منصوبوں کی فزیبلٹی تخمینہ لاگت تکنیکی پہلوؤں اور مجوزہ مدت تکمیل کے حوالے سے جامع بریفنگ دی اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ جاری ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ مدت کے اندر اور اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو بہتر اور محفوظ سفری سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے ڈپارٹمنٹل سب کمیٹی نے مختلف نئے روڈ انفراسٹرکچر منصوبوں کے علاوہ سڑکوں کی تعمیر و مرمت سے متعلق متعدد اسکیموں کی منظوری کی سفارش کی اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ منظور شدہ منصوبوں پر جلد از جلد عملی کام کے آغاز کے لیے تمام قانونی انتظامی اور تکنیکی تقاضے بروقت مکمل کیے جائیں گے اس موقع پر سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت معیار اور بروقت تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ منصوبوں کی نگرانی اور مانیٹرنگ کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جائے اور کسی بھی قسم کی غفلت یا غیر ضروری تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 10

یقینی صورتحال نے صوبے کی معیشت کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔ صحافیوں کے ایک گروپ سے بات چیت کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ امن و امان کی خراب صورتحال کے باعث نہ صرف کاروباری سرگرمیاں متاثر ہوئی ہیں بلکہ دوسرے صوبوں سے سیاحوں، تاجروں اور سرمایہ کاروں نے بھی بلوچستان، بالخصوص کوئٹہ، کا رخ کرنا تقریباً چھوڑ دیا ہے، جس کے نتیجے میں ٹرانسپورٹ سمیت متعدد شعبے شدید مالی بحران سے دوچار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک وقت تھا جب بلوچستان کے مختلف شہروں کے درمیان مسافروں کی بھرمار ہوتی تھی، مگر آج صورتحال یہ ہے کہ ایک پوری کوچ میں بمشکل دس مسافر بھی نہیں ہوتے۔ مسافروں کی تعداد میں مسلسل کمی کے باعث ٹرانسپورٹرز اپنے روزمرہ اخراجات، گاڑیوں کی دیکھ بھال، عملے کی تنخواہیں اور دیگر مالی ذمہ داریاں پوری کرنے سے قاصر ہیں، جبکہ اس شعبے سے وابستہ ہزاروں خاندان شدید معاشی مشکلات کا شکار ہو چکے ہیں۔ حاجی حبیب اللہ خان بادیزئی نے کہا کہ ٹرانسپورٹ کا شعبہ کسی بھی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، لیکن بلوچستان میں جاری بدامنی نے اس شعبے کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا ہے۔ انہوں نے وفاقی اور صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا کہ امن و امان کی بحالی کو اولین ترجیح دی جائے، قومی شاہراہوں کو ہر قسم کے خطرات سے محفوظ بنایا جائے اور عوام، تاج

بقیہ 1

کو درپیش مسائل پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں اپوزیشن جماعتوں کے پارلیمانی رہنماؤں اور اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس میں ہنہ اوڑک اور زیارت میں ہونے والے حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی۔ شرکاء نے ان واقعات میں جاں بحق ہونے والے افراد کے ایصالِ ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی، لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا کی۔ اجلاس میں کہا گیا کہ بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنانا ناقابل برداشت ہے اور ایسے واقعات بلوچستان کے امن، سماجی ہم آہنگی اور استحکام پر حملہ ہیں۔ اجلاس کے اعلامیے میں کہا گیا کہ بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال روز بروز ابتر ہوتی جا رہی ہے اور موجودہ حالات انتہائی تشویشناک حد تک پہنچ چکے ہیں۔ صوبے کا شاید ہی کوئی ضلع یا شاہراہ ایسی ہو جہاں عوام خود کو مکمل طور پر محفوظ تصور کرتے ہوں۔ شہریوں کی جان ومال کو مسلسل خطرات لاحق ہیں جبکہ روزانہ کی بنیاد پر قومی شاہراہوں کی بندش، مختلف مقامات پر ناکہ بندی، مسافروں کو گھنٹوں تک مشکلات کا سامنا، ٹرانسپورٹ کی آمد ورفت میں رکاوٹیں اور مال بردار گاڑیوں کو نذرِ آتش کیے جانے کے واقعات معمول بنتے جا رہے ہیں۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ ان حالات کے باعث بلوچستان کی تجارت، معیشت، بین الصوبائی نقل وحمل اور روزگار بری طرح متاثر ہو رہا ہے۔ تاجر برادری، ٹرانسپورٹرز، مزدور، کسان، طلبہ اور ملازمت پیشہ افراد شدید مشکلات سے دوچار ہیں جبکہ خوف وہراس کی فضا کے باعث معمولاتِ زندگی متاثر ہو رہے ہیں اجلاس مین کہا گیا کہ حکومت امن وامان برقرار رکھنے اور عوام کے جان ومال کے تحفظ میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے، ریڈ زون کے علاوہ صوبے کے تمام علاقوں میں حکومت کی رٹ دکھائی نہیں دیتی اور عوام خود کو بے یار و مددگار محسوس کر رہے ہیں۔ شرکائے کہا کہ حکومت کی اولین آئینی ذمہ داری شہریوں کو تحفظ فراہم کرنا ہے، تاہم موجودہ صورتحال اس ذمہ داری کی ادائیگی میں ناکامی کی عکاسی کرتی ہے۔ اجلاس میں مطالبہ کیا گیا کہ بدامنی کے بڑھتے ہوئے واقعات بلوچستان کے امن، سماجی ہم آہنگی اور اداروں کے غیر جانبدارانہ اور شفاف تحقیقات کی جائیں، ذمہ دار عناصر کو قانون کے مطابق سخت سزا دی جائے اور شاہراہوں کو ہر قیمت پر محفوظ بنایا جائے تاکہ عوام بلا خوف وخطر سفر کر سکیں۔ اجلاس میں ہنہ اوڑک اور زیارت میں جاری احتجاجی دھرنوں کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اپوزیشن جماعتوں نے دھرنوں کے شرکاء کے مطالبات کی مکمل حمایت کرتے ہوئے کہا کہ متاثرہ خاندانوں کے جائز مطالبات کو فوری طور پر تسلیم کر کے انہیں انصاف فراہم کیا جائے، حکومت طاقت کے بجائے مذاکرات اور سنجیدہ سیاسی حکمت عملی کے ذریعے مسائل کے حل کو یقینی بنائے۔ اجلاس میں وفاقی اور صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا گیا کہ بلوچستان میں امن وامان کی بحالی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر جامع اور مؤثر حکمت عملی مرتب کی جائے، دہشت گردی کے واقعات کی روک تھام کے لیے ٹھوس اقدامات کیے جائیں، قومی شاہراہوں پر عوام اور ٹرانسپورٹرز کو مکمل تحفظ فراہم ہو، صوبے میں امن، استحکام اور عوامی اعتماد کی بحالی کو اولین ترجیح بنایا جائے۔ اجلاس میں کہا گیا کہ اپوزیشن جماعتیں بلوچستان کے عوام کے جان ومال کے تحفظ، امن واستحکام، آئینی حقوق اور عوامی مسائل کے حل کے لیے اسمبلی کے اندر اور باہر ہر جمہوری اور آئینی فورم پر مؤثر آواز بلند کرتی رہیں گی اور صوبے کے عوام کو درپیش مسائل پر کسی قسم کی خاموشی اختیار نہیں کریں گی۔

بقیہ 2

اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سمیت بلوچستان کی نمائندہ سیاسی جماعتوں کے رہنماں، اختر خان مینگل، جے یو آئی کے صلاح الدین، شاہد خاقان عباسی، اسد قیصر، مصطفیٰ نواز کھوکھر، محسن داوڑ، مولانا شاکر، جان محمد بلیدی، اصغر جان اچکزئی اور دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس کو گلگت بلتستان کی تیاد ت کرنے والے افسران نے بریفنگ دی۔ اجلاس کو گلگت بلتستان سشمی توانائی منصوبے پر پیشرفت پر بریفنگ دی گئی۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ 100 میگاواٹ سولر منصوبہ وفاقی حکومت کی جانب سے گلگت بلتستان کے عوام کے لیے ایک تحفہ ہے، پاور ڈویژن منصوبے کی تنصیب اور بروقت تکمیل کے حوالے سے اپنی ذمے داری پوری کرے۔ وزیر اعظم نے ہدایت کی کہ سولر منصوبے کیلئے خریداری کے عمل میں مکمل شفافیت یقینی بنائی جائے، تمام ادائیگیاں تیسرے فریق کی توثیق کے بعد کی جائیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ منصوبے کے تحت 499 سرکاری عمارتوں کی چھتوں پر بیٹری سٹوریج سمیت 18 میگاواٹ سولر سسٹم دسمبر 2026 تک نصب کر دیا جائے گا، 82 میگاواٹ یوٹیلیٹی سکیل سولر منصوبے کا پی سی ون منظوری کے لیے ایکنک کو بھجوا دیا گیا، 82 میگاواٹ سولر منصوبے سے تقریباً 13 لاکھ افراد مستفید ہوں گے، منصوبے کی تکمیل سے گلگت بلتستان میں سروں کا معیار بہتر ہوگا اور لوڈ شیڈنگ کے خاتمے میں مدد ملے گی۔

بقیہ 3

میگاواٹ سولر منصوبہ وفاقی حکومت کی جانب سے گلگت بلتستان کے عوام کے لیے تحفہ ہے، یادر ڈویژن منصوبے کی بروقت تکمیل کے حوالے سے اپنی ذمے داری پوری کرے۔ بدھ کو وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت گلگت بلتستان کے لئے 100 میگا واٹ سشمی توانائی منصوبے سے متعلق جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں وفاقی وزیر پاور ڈویژن سردار اویس لغاری، وزیر مملکت برائے خزانہ وریلوے بلال اظہر کیانی اور متعلقہ اعلیٰ سرکاری افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کو گلگت بلتستان سشمی توانائی منصوبے پر پیشرفت پر بریفنگ دی گئی۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ 100 میگاواٹ سولر منصوبہ وفاقی حکومت کی جانب سے گلگت بلتستان کے عوام کے لیے ایک تحفہ ہے، یہ سب مما لک اندر سے پھٹے اور وہاں تباہی ہی تباہی ہے ہم بھی اس نہج پر پہنچ گئے ہیں خدارا ہوش کے ناخن لیں۔ انہوں نے کہا کہ اقتدار کے لمحوں کے لیے لوگوں نے ضمیر بیچے، خطرے کی گھنٹی بج رہی ہے، فیصلہ سازا سے سن نہیں رہے، بلوچستان کے مسائل کا حل کسی کے پاس نہیں، ہم مسائل کے حل کی جانب سفر شروع کرنا چاہتے ہیں اور اس کی ابتدا صاف شفاف انتخابات سے ہوگی، ہمارا بلوچستان سے متعلق انتخابی اسٹرکچر بنایا ہی ایسا گیا ہے کہ کوئی بلوچستان کی 17 نشستوں پر توجہ ہی نہیں کرتا اس کے بجائے کراچی، لاہور اور فیصل آباد پر زور لگایا جاتا ہے، فارمولا بہتر کرنا ہوگا مین اسٹریم سیاسی جماعتوں کو بھی اپنی ترجیحات بدلنا ہوں گی۔ سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ آج ہم نے سیاست نفرت اور دشمنی میں بدل دی ہے آج ہمیں چند منٹ کی مسافت پر واقع بلوچستان ہاس میں بیٹھنا چاہیے تھا، جو رویہ بلوچستان کے ساتھ روا رکھا گیا ہے مجھے یہ خدشہ ہے کہ بلوچستان کا معاملہ ختم ہی نہ ہو جائے، بلوچستان کا نوجوان مایوس ہے، ہم اس کیفیت میں ہیں کہ اب لوگ مایوس ہو چکے ہیں، لوگ متنفر ہوتے جا رہے ہیں، ایم فل، پی ایچ ڈی اسکالرز اور ڈاکٹرز جن کا تعلق عزت دار گھرانوں سے ہے وہ دہشت گرد بن رہے ہیں ریاست کو سوچنا ہوگا یہ ناکامی ریاست کی ہے، وجہ تلاش کریں۔ انہوں نے کہا کہ ریاست مسئلے کے حل کا آغاز ہی گولی سے کرتی ہے اور جبر مسئلے کا حل نہیں ہمیں بات کرنا ہوگی، مذاکرات کرنا ہوں گے ادھر کے لوگوں کی بات سننا ہوگی، وہاں کے مقامی لوگوں سے بات کریں، سیاسی شخصیات کو اعتماد میں لیں وہاں کے لوگ محبِ وطن اور پاکستان کے خیر خواہ ہیں ہم نے اس بات کا خیال نہیں کیا، آج بلوچستان میں سکیورٹی فورسز کو تحفظ چاہیے، زیارت کا واقعہ عام واقعہ نہیں ہے ہم بے حسی کا شکار ہیں کوئی بات بھی نہیں کر رہا میڈیا آواز نہیں بلند کر رہا بنیادی حقائق سلب کر لیے گئے ہیں۔ اسد قیصر نے کہا کہ جو کچھ ہمارے بارڈر پر ہو رہا ہے اس کا افسوس ہے، بارڈر ٹریڈ بلوچستان اور خیبر پختونخوا کا مشترکہ مسئلہ ہے، بے روزگاری بڑھ گئی اور دہشت گردی بڑھ گئی نوجوان پریشان ہیں، دشمنی اپنی جگہ لیکن کاروبار تو کاروبار ہے، ہمیں تمام ہمسایوں کے ساتھ کاروبار کرنا چاہیے، تمام سیاسی جماعتیں امن وامان کے معاملے پر ایکا کر لیں اگر اتفاق رائے نہ پیدا ہوا تو بلوچستان میں امن و امان مشکل ہوگا، ہم ایک اہم ایونٹ کریں گے جرگہ بلائیں گے اور وسیع مشاورت کریں گے بلوچستان میں پولیس کو طاقت ور بنایا جائے اور اختیارات دیے جائیں

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنماء نور اللہ لہڑی اور ڈاکٹر علاؤالدین اچکزئی ملاقات کر رہے ہیں

زیارت واقعہ چیئرمین سی ایم آئی ٹی کی سربراہی میں انکوائری کمیٹی تشکیل

انکوائری کمیٹی مانگی ڈیم اور صوبے کی اہم تنصیبات کے تحفظ کے لیے فوری، درمیانی اور طویل المدتی سیکیورٹی اقدامات تجویز کرے گی

انکوائری کمیٹی دہشت گرد حملے سے قبل، دوران اور بعد کے تمام واقعات اور سکیورٹی ردعمل کا جائزہ لے گی، شاہد رند

کوئٹہ (این این آئی) مانگی ڈیم واقعہ کی تحقیقات کے لیے چیئرمین سی ایم آئی ٹی کی سربراہی میں اعلیٰ سطح کی انکوائری کمیٹی تشکیل دے دی گئی ہے۔ محکمہ داخلہ بلوچستان نے تحقیقاتی کمیٹی کے حوالے سے نوٹیفکیشن جاری کر دیا، کمیٹی میں سیکریٹری ایس اینڈ جی اے ڈی، سینئر ڈی آئی جی (بقیہ نمبر 1 صفحہ 2 پر)

تعلیم یافتہ نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کے سلسلے میں اقدامات جاری

نئے امیدواروں کی تعیناتی کے بعد مزید بہتر معنوں میں عوامی خدمات سرانجام دی جاسکیں گی، بشیر ناصر

نصیر آباد (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے وژن کے مطابق تعلیم یافتہ نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کے سلسلے میں اقدامات جاری ہیں۔ چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم خان کھوسہ اور صوبائی سیکرٹری بابر خان کی ہدایات کی روشنی (بقیہ نمبر 2 صفحہ 2 پر)

سندھ ایجوکیشن فاؤنڈیشن میں الائنس فرانسیز کراچی کے وفد کا دورہ

فاؤنڈیشن کے تعلیمی پورٹ فولیو اور مختلف منصوبوں پر مشتمل ایک تفصیلی پریزنٹیشن بھی دی گئی

کراچی (پ ر) الائنس فرانسیز کراچی کے ڈائریکٹر ایمانوئل بریویک اور ڈپٹی ڈائریکٹر محمد اقبال بھیملا نے سندھ ایجوکیشن فاؤنڈیشن حکومتِ سندھ کے ہیڈ آفس کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ادارے کی سینئر قیادت سے تعارفی ملاقات کی۔ ملاقات کی صدارت مینیجنگ ڈائریکٹر (بقیہ نمبر 4 صفحہ 2 پر)

سیکرٹری محکمہ مواصلات وتعمیرات کی زیرِ صدارت ڈپارٹمنٹل سب کمیٹی کا جلاس

ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت معیار اور بروقت تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، بابر خان

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری محکمہ مواصلات وتعمیرات بابر خان کی زیرِ صدارت ڈپارٹمنٹل سب کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس ضلع پشین ضلع برشور ضلع قلعہ عبداللہ اور کوہٹہ (بقیہ نمبر 9 صفحہ 2 پر)

بدامنی نے بلوچستان کو معاشی طور پر تباہ کر دیا، حبیب اللہ بادیزئی

دوسرے صوبوں کے سیاحوں، تاجروں اور سرمایہ کاروں نے بلوچستان کا رخ کرنا چھوڑ دیا

کوئٹہ (یو این اے) آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی کے صدر اور معروف ٹرانسپورٹر حاجی حبیب اللہ خان بادیزئی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں مسلسل بدامنی اور غیر (بقیہ نمبر 10 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ، سیٹلائیٹ ٹاؤن کارہائشی مرتضی اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے سابق وفاقی وزیر رحمت اللہ کاکڑ اور ڈاکٹر شعبان ملاقات کر رہے ہیں

حکومت امن اور عوام کے جان و مال کے تحفظ میں ناکام ہو چکی ہے اپوزیشن

بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنانا ناقابل برداشت ہے، ایسے واقعات بلوچستان کے امن، سماجی ہم آہنگی اور استحکام پر حملہ ہیں

حکومت امن وامان برقرار رکھنے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے، اجلاس کے شرکاء

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن جماعتوں کا اہم اجلاس قائد حزب اختلاف میر یونس عزیز زہری کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں صوبے میں امن وامان کی بگڑتی ہوئی صورتحال، دہشت گردی کے حالیہ واقعات، شاہراہوں کی بندش، ناکہ بندی اور عوام (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

لورالائی اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع لورالائی اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے جس کے باعث لوگ کلمہ طیبہ اور درود شریف کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق لورالائی میں 4.4 شدت کا زلزلہ آیا جس کی گہرائی 12 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی۔ زلزلے کا مرکز لورالائی سے 31 کلومیٹر مشرق میں تھا۔ لورالائی میں زلزلے کے باعث شہریوں میں خوف وہراس پھیل گیا

ژوب، فائرنگ سے نوجوان جاں بحق

ژوب (این این آئی) ژوب میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے حسن کاکڑ نامی نوجوان جاں بحق ہوگیا۔ پولیس کے مطابق واقعے کی مزید تحقیقات شروع کر دی گئی، نوجوان کی لاش کو ضروری کارروائی کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

بلوچستان کے حصے کے پانی کی فراہمی کے مسئلے پر کمشنر سکھر اور کمشنر لاڑکانہ سے رابطہ

صلاح الدین نورزئی نے نہروں کو مقررہ حصے کے مطابق پانی کی فراہمی کی ضرورت سے آگاہ کیا

نصیر آباد (خ ن) کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی نے نصیر آباد ڈویژن کے کاشتکاروں کے وسیع تر مفاد میں اہم اقدامات کرتے ہوئے پٹ فیڈر کینال میں زرعی پانی کی قلت اور بلوچستان کے حصے کے پانی کی فراہمی کے مسئلے پر کمشنر سکھر ڈویژن اور (بقیہ نمبر 18 صفحہ 2 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کو ڈاکٹر علاؤالدین کتاب پیش کر رہا ہے

مساوی ترقی ایک خواب نہیں معاشی اور سماجی ضرورت ہے

گورنر جعفر خان مندوخیل

انفراسٹرکچر کسی بھی متوازن ترقیاتی منصوبے میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے

دیہی اور شہری علاقوں کے درمیان فرق کو ختم کرنے کیلئے ہمیں ایک ایسی جامع حکمت عملی کی ضرورت ہے جو شہریوں کو تمام بنیادی سہولیات و مواقعوں تک یکساں رسائی فراہم کر سکے

واضح وژن اور دانشمندانہ منصوبہ بندی کے بغیر دیہاتوں اور بڑے شہروں کے درمیان فاصلے بڑھتے جائیں گے اور مساوی ترقی کا خواب ادھورا رہ جائیگا۔

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ دیہی اور شہری علاقوں کے درمیان فرق کو ختم کرنے کیلئے ہمیں ایک ایسی جامع حکمت عملی کی ضرورت ہے جو شہریوں کو تمام بنیادی سہولیات و مواقعوں تک یکساں رسائی فراہم کر سکے۔ واضح وژن اور دانشمندانہ منصوبہ بندی کے بغیر دیہاتوں اور بڑے شہروں کے درمیان فاصلے بڑھتے جائیں گے اور مساوی ترقی کا خواب ادھورا رہ جائیگا۔ اس سلسلے میں تمام پالیسی میکرز اور عوام کے منتخب نمائندوں کا کردار بہت اہم ہے۔ ہم ان پائے جانے والے فاصلوں کو مٹانے کیلئے انقلابی اقدامات اٹھا رہے ہیں۔ (بقیہ نمبر 19 صفحہ 2 پر)

ہرنائی میں قومی شاہراہ پر پل پر دھماکہ

کوئٹہ (این این آئی) ہرنائی میں قومی شاہراہ پر پل پر دھماکہ، ٹریفک کی روانی عارضی طور پر متاثر۔ پولیس کے مطابق بدھ کو نامعلوم افراد نے ہرنائی پنجاب قومی شاہراہ پر رابطہ پل کو دھماکہ خیز مواد سے اڑانے کی کوشش کی جس سے پل کو جزوی نقصان پہنچا ہے، پولیس کے مطابق دھماکے کے بعد شاہراہ پر ٹریفک عارضی طور پر معطل کی گئی

تعمیراتی کام میں مزید تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، یاسر اقبال دشتی

غفلت کے ذمہ داروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی سے گورنمنٹ انٹر کالج ناصر آباد کے طلبہ کے ایک نمائندہ وفد نے ملاقات کی اور کالج کو درپیش مختلف مسائل، خصوصاً کئی ماہ (بقیہ نمبر 11 صفحہ 2 پر)

سوئی پولیس کی کاروائی، ملزم گرفتار منشیات برآمد

ڈیرہ بگٹی (نامہ نگار) سوئی پولیس کی کاروائی، ملزم گرفتار منشیات برآمد ایس پی ڈیرہ بگٹی ضیاء الحق مندوخیل کے ہدایت پر خلاف مہم گرفتاری انسداد منشیات مہم پر عملدرآمد کرتے ہوئے ڈی ایس پی سرکل سوئی خالد بزدار کی زیر نگرانی ایس ایچ او پولیس تھانہ صدر عبدالرحیم بگٹی، (بقیہ نمبر 3 صفحہ 2 پر)

دہشتگردی کو اتحاد و اتفاق سے ہی شکست دی جاسکتی ہے، سید امان شاہ

بلوچستان کی موجودہ خونی صورتحال اتحاد، امن اور قومی یکجہتی کا تقاضا کرتی ہے، صوبائی صدر

کوئٹہ (یو این اے) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سید امان شاہ نے کہا ہے کہ بلوچستان اس وقت ایک نہایت حساس اور نازک دور سے گزر رہا ہے، جہاں (بقیہ نمبر 12 صفحہ 2 پر)

ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت پولیو مہم کے حوالے سے جائزہ اجلاس

آئندہ پولیو مہمات کو مزید موثر، منظم اور کامیاب بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد، وریندر لعل کی زیر صدارت ضلع میں پولیو مہم کے حوالے سے ماہوار جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ایاز حسین جمالی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر حبیب اللہ پندرانی سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کیا جلاس (بقیہ نمبر 20 صفحہ 2 پر)

چیف انجینئر کینالز قربان علی جتوئی کا ایریگیشن آفس ڈیرہ مراد جمالی کا دورہ

کسانوں کو منصفانہ بنیادوں پر پانی کی فراہمی اور نہری نظام کی موثر نگرانی یقینی بنانے کی ہدایت

نصیر آباد (محمد یونس عمرانی) چیف انجینئر کینالز انجینئر قربان علی جتوئی نے ایریگیشن آفس ڈیرہ مراد جمالی کا دورہ کیا، جہاں ایکسین ایریگیشن نصیر آباد میر فرید احمد پندرانی، اے سی ایریگیشن انجینئر مدثر ظفر کھوسہ اور دیگر افسران نے ان کا استقبال کیا۔ دورے کے دوران ایس ڈی (بقیہ نمبر 22 صفحہ 2 پر)

دہشت گرد عناصر کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں، سردار سربلند جوگیزئی

معصوم اور بے گناہ شہریوں اور پولیس اہلکاروں کی شہادت قابل مذمت ہے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سردار سربلند جوگیزئی نے زیارت اور کوئٹہ میں دہشت گردوں کے حملے میں معصوم اور بے گناہ شہریوں اور پولیس اہلکاروں کی شہادت کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گرد عناصر اپنے غیر ملکی آقاوں کی (بقیہ نمبر 23 صفحہ 2 پر)

ہنگامی صورتحال سے مؤثر انداز میں نمٹنے کے لیے جامع ایمرجنسی پلان تشکیل دے دیا

کمشنر لورالائی ڈویژن کی ہدایات کی روشنی میں میونسپل کمیٹی کا تمام عملہ ہائی الرٹ رہے گا

لورالائی (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کی خصوصی ہدایت پر مون سون بارشوں کے پیشِ نظر میونسپل کمیٹی لورالائی نے ہنگامی صورتحال سے مؤثر انداز میں نمٹنے کے لیے جامع ایمرجنسی پلان تشکیل دے دیا ہے۔ اس سلسلے میں چیئرمین میونسپل کمیٹی لورالائی طاہر خان ناصر کی زیر صدارت چیف آفیسر میونسپل کمیٹی محب اللہ خان بلوچ، چیف سینیٹری انسپکٹر نقیب اللہ موسیٰ خیل (بقیہ نمبر 24 صفحہ 2 پر)

لاہور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

بلوچستان جل رہا ہے، حکمران اپنی عیاشیوں میں مصروف ہیں، لالہ یوسف خلجی

جہاں معدنیات ہیں وہاں دہشت گردوں کے حملے سمجھ سے بالاتر ہیں؟، سربراہ بلوچستان امن جرگہ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالہ یوسف خلجی نے کہا ہے کہ بلوچستان جل رہا ہے لیکن حکمران اپنی عیاشیوں میں مصروف ہیں جہاں معدنیات ہیں وہاں دہشت گردوں کے حملے سمجھ سے بالاتر ہیں؟، سیاسی و مذہبی جماعتوں، قبائلی مشران نے اگر صوبے (بقیہ نمبر 14 صفحہ 2 پر)

چمن، طلبہ وطالبات کے لیے "شہید بینظیر بھٹو ڈسٹرکٹ ٹاپرز ٹیلنٹ اسکالرشپس" کا اعلان

اس اقدام کا مقصد اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے مالی معاونت فراہم کرنا ہے۔ خالد ماندائی

کوئٹہ، (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے تعلیم دوست وژن اور میرٹ کے فروغ کے عزم کے تحت بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ (BEEF) نے ضلع چمن کے میٹرک امتحانات 2025 کے نمایاں طلبہ وطالبات کے لیے "شہید بینظیر بھٹو ڈسٹرکٹ ٹاپرز (بقیہ نمبر 15 صفحہ 2 پر)

نیویارک وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اقوام متحدہ کے ہیڈ کوارٹر میں سری لنکن ہم منصب آنندو جے پالا سے ملاقات کر رہے ہیں

شہداء ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں ا۔ چوہدری نعیم کریم

دہشت گردوں کے حملے میں بے گناہ پولیس اہلکاروں اور شہریوں کی شہادت قابل مذمت ہے

کوئٹہ (این این آئی) پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کے فوکل پرسن و مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری نعیم کریم نے زیارت اور ہنہ اوڑک میں دہشت گردوں کے حملے میں بے گناہ پولیس اہلکاروں اور شہریوں کی شہادت کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت (بقیہ نمبر 16 صفحہ 2 پر)

والدین کے حوالے سے آگاہی سیمینار اور واک کا انعقاد

ابتدائی عمر میں بچوں کی مناسب دیکھ بھال ایک صحت مند معاشرے کی تشکیل کی بنیاد ہے، مقررین

موسیٰ خیل (خ ن) والدین کے حوالے سے آگاہی سیمینار اور واک کا انعقاد، بچوں کی بہتر پرورش اور غذائیت پر زور محکمہ صحت ڈائریکٹوریٹ آف نیوٹریشن بلوچستان اور یونیسیف کے تعاون سے ماہِ والدین کے سلسلے میں ایم سی ایچ ہال، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس موسیٰ خیل میں ایک آگاہی سیمینار منعقد کیا گیا، جس کا مقصد والدین میں بچوں کی بہترین پرورش، متوازن غذائیت (بقیہ نمبر 17 صفحہ 2 پر)

حکومت سرمایہ کاری اور کاروبار کے فروغ کے لئے اقدامات کر رہی ہے

احسن اقبال

قومی سلامتی، موثر سفارت کاری اور معاشی استحکام میں حاصل ہونے والی کامیابیوں کو پائیدار اقتصادی ترقی میں تبدیل کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے

مہنگائی میں نمایاں کمی لائی، شرح سود میں کمی ممکن بنائی اور پاکستان کو عالمی سطح پر معاشی بحالی کی ایک کامیاب مثال کے طور پر تسلیم کیا جا رہا ہے

شکاگو (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے پاکستانی نژاد امریکی کاروباری برادری کو پاکستان کی معاشی ترقی، سرمایہ کاری، اختراع اور علم پر مبنی معیشت کی تعمیر میں فعال شراکت کی دعوت دیتے ہوئے کہا ہے کہ خطے میں امن و استحکام کے فروغ کے لئے پاکستان کے مثبت کردار نے عالمی سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافہ کیا ہے اور تجارت، سرمایہ کاری اور (بقیہ نمبر 25 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ، ہنہ اوڑک کے مکینوں کی جانب سے ایئرپورٹ روڈ پر دیئے گئے احتجاجی دھرنے کے موقع پر آل پارٹیز جلسے میں نواب ایاز خان جوگیزئی، مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ، ملک عادل خان بازئی، اسفندیار کاکڑ، عبدالرحیم کاکڑ، عبیداللہ عابد، مفتی محمد اعظم، مولانا حسین احمد شرودی، نصر اللہ زیرے، نوابزادہ شریف جوگیزئی، چنگیز جمالی بلوچ، حاجی عطاء محمد بنگلزئی، نور خان خلجی، عبدالتین اخوندزادہ اور دیگر سیاسی، قبائلی، علماء کرام، تاجر برادری شریک ہیں

حکومت مت بے میں امن وامان کے قیام پر سمجھوتہ نہیں کریگی، نسیم الرحمان

ایسے بزدلانہ کارروائیوں سے ہمارے سیکیورٹی اداروں اور صوبے کے غیور عوام کے حوصلے پست نہیں کیے جاسکتے

شہریوں کے تحفظ پر معمور پولیس افیسران واہلکاروں کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک عمل ہے، صوبائی مشیر ماحولیات وموسمیاتی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان خان ملاخیل نے زیارت میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائی کو خراج تحسین جبکہ ہنہ اوڑک واقعے میں بے گناہ شہریوں کی شہادت پر بے حد افسوس کا اظہار کیا ہے صوبائی مشیر نسیم الرحمن خان ملاخیل نے زیارت میں فتنہ الخوارج سے وابستہ دہشت گردوں کے بزدلانہ حملے میں پولیس اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کے تحفظ پر معمور پولیس افیسران واہلکاروں کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک عمل ہے امن و امان کی بحالی اور ملکی دفاع کی خاطر پولیس کے جوانوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا جو قابل تحسین عمل ہے انھوں نے کہا کہ ایسے بزدلانہ کارروائیوں سے ہمارے سیکیورٹی اداروں اور صوبے کے غیور عوام کے حوصلے پست نہیں کیے جاسکتے حکومت صوبے میں امن و امان کے قیام پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گی اور دہشت گردی کے جڑ سے خاتمے تک تمام ممکنہ اقدامات اور سرگرمیاں پوری طاقت سے جاری رہیں گے ہنہ اوڑک کلی بیری میں دہشت گردوں کے حملے کی مذمت آور انسانی جانوں کے ضیاع پر بھی افسوس کا اظہار کیا۔

محکمہ مواصلات وتعمیرات کی مختلف آسامیوں پر بھرتیوں کے لیے انٹرویوز کا سلسلہ جاری

بھرتی کا تمام عمل میرٹ، شفافیت اور حکومتی پالیسی کے مطابق مکمل کیا جائے گا، اراکین کمیٹی

نصیر آباد (محمد یونس عمرانی) چیف انجینئر مواصلات و تعمیرات نصیر آباد زون محمد بشیر ناصر کی نگرانی میں محکمہ مواصلات وتعمیرات کی مختلف آسامیوں پر بھرتیوں کے لیے انٹرویوز کا سلسلہ جاری ہے۔ انٹرویوز کے عمل میں ایس ای سرکل نصیر آباد فدا حسین کھوسہ، صلاح رند، شیر اللہ کھوسہ (بقیہ نمبر 5 صفحہ 2 پر)

مانگی ڈیم سانحہ کے شہداء سے اظہارِ یکجہتی، سنجاوی بازار میں مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال

تاجروں، سیاسی وسماجی تنظیموں کی دہشت گردی کی مذمت، امن کے لیے موثر اقدامات کا مطالبہ

سنجاوی (یو این اے) ضلع زیارت کے علاقے مانگی ڈیم میں شدت پسندوں کے حملے میں پولیس اہلکاروں کی شہادت کے خلاف مرکزی انجمن تاجران سنجاوی کی اپیل پر آج سنجاوی بازار میں مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال کی گئی۔ ہڑتال کے دوران تمام کاروباری مراکز، دکانیں (بقیہ نمبر 7 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ مسلسل بدامنی، دہشت گردی اور خونریزی کی لپیٹ میں ہے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

جامعہ امدادیہ کے کمسن اور بے گناہ طلبہ کو نشانہ بنانے والے عناصر انسانیت کے دشمن ہیں

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ، مولانا محب اللہ، مولانا حفیظ اللہ، سیکرٹری مالیات حاجی صالح محمد، مفتی رضا خان، حاجی (بقیہ نمبر 8 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ، پارلیمانی سیکرٹری بین المذاہب ہم آہنگی سنجے کمار پنجوانی آئی جی جیل خانہ جات کیپٹن (ر) عاصم سے مسیحی برادری کے قیدیوں کے حوالے سے ملاقات کر رہے ہیں

اوستا محمد میں دو گروپوں کے درمیان فائرنگ، ایک شخص جاں بحق

اوستا محمد (یو این اے) اوستا محمد سٹی پولیس تھانے کی حدود میں واقع بلیدی بائی پاس کے قریب بلیدی اقوام کے دو گروپوں کے درمیان فائرنگ کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق ہو گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق فائرنگ کے دوران گولی لگنے سے نظام بلیدی موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور لاش کو اپنی تحویل میں لے کر قانونی کارروائی کے لیے تحصیل ہیڈ کوارٹر سول اسپتال استا محمد منتقل کیا۔ اسپتال میں ضروری قانونی کارروائی اور ضابطے کی تکمیل کے بعد میت ورثا کے حوالے کر دی گئی۔ پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں اور فائرنگ کی وجوہات سمیت دیگر پہلوؤں کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔

اوستہ محمد سمیت نصیر آباد ڈویژن شدید گرمی کی لپیٹ میں، درجہ حرارت 50 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ گیا

اوستہ محمد (یو این اے) اوستہ محمد سمیت پورا نصیر آباد ڈویژن شدید گرمی اور حبس کی لپیٹ میں آ گیا، جہاں درجہ حرارت 50 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچنے سے معمولاتِ زندگی بری طرح متاثر ہو گئے۔ سورج کی تپش اور گرم ہواں کے باعث متعدد افراد بے ہوش ہو گئے نمائندوں کا کردار بہت اہم ہے۔ ہم ان پائے جاتے والے فاصلوں کو مٹانے کیلئے انقلابی اقدامات اٹھا رہے ہیں۔ (بقیہ نمبر 19 صفحہ 2 پر)

ژوب، لاپتہ ہونے والی 9 سالہ بچی کو پولیس نے بازیاب کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا

ژوب (این این آئی) ژوب کے علاقے سے لاپتہ ہونے والی 9 سالہ بچی کو پولیس نے بازیاب کر کے ایک ملزم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز ژوب کے علاقے نیو آبادی سے ایک 9 سالہ بچی سدرابی بی گزشتہ روز لاپتہ ہو گئی تھی پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے بچی کے ہمسایہ افغان مہاجر کے گھر پر چھاپہ مار کر باورچی خانے میں موجود ایک گڑھے سے بچی کو بحفاظت بازیاب کر کے ایک ملزم امین اللہ کو گرفتار کر لیا۔

پبلشر نذیر احمد نے سعید پرنٹنگ پریس مندوخیل پلازہ مشن روڈ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ یونیورسل کمپلیکس آفس نمبر 10 فیز 1 انڈر گراؤنڈ کالون روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر 0302-3883706
اسلام آباد بیورو چیف 0300-9731626

لاہور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں